# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 29 October 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۹ ؍اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: 09.00 سے 09.10 ؍بجے

***** ***** *****

### سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ ریاستی اسمبلی کے عام انتخابات کے لیے امیدواری عریضے داخل کرنے کا آج آخری دن

☆ ایکناتھ شندیہ ' اجیت پوار ' وِشوجیت کدم اور وُرن سردیسائی سمیت نامور قائدین کے امیدواری پرچے داخل

☆ اورنگ آباد وسطی اسمبلی حلقے سے مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار کشن چندتنوانی کی انتخابی میدان سے اچانک دستبرداری

☆ ناندیڑ لوک سبھا نشست کے ضمنی انتخابات کے لیے بی جے پی کی جانب سے ڈاکٹر سنتُک ہمبرڈے کو امیدواری

☆ بدعنوانی سے پاک معاشرے کے فروغ کے لیے ملک گیر سطح پر کل سے بیداری ہفتے کا آغاز

اور

☆ خوشیوں اور روشنی کے تہوار دیوالی میں آج دھن تریودشی

### اب خبریں تفصیل سے...

ریاستی اسمبلی انتخابات کے لیے امیدواری پرچے داخل کرنے کا آج کا آخری دن ہے۔ صبح 11 ؍ تا دوپہر 3 ؍بجے تک پرچہ داخل کیے جاسکتے ہیں۔ لیکن پرچے داخل کرنے سے قبل کی کارروائی کے لیے آج صبح ساڑھے نو بجے سے الیکشن فیصلہ افسر دفتر شروع رہے گا۔

دریں اثناء کل کئی پارٹیوں کے اہم لیڈران نے پرچے داخل کیے۔ شیو سینا لیڈر روزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے ٹھانے ضلعے کے کوپری پانچ پاکھڑی حلقے سے امیدواری پرچہ داخل کیا۔ اُس سے قبل نکالی گئی ریلی میں بی جے پی لیڈر و نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے شرکت کی۔

بارامتی حلقہ سے راشٹروادی کانگریس پارٹی کے لیڈر و نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نے جبکہ اُسی حلقے سے راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ کے امیدوار یوگیندر پوار نے بھی پرچہ داخل کیا۔

کرجت۔ جام کھیڑ حلقہ سے مہاوِکاس آگھاڑی کے روہت پوار ' شرڈی سے مہاوِکاس آگھاڑی کی پربھاوتی گھوگرے جبکہ راہوری سے مہاوِکاس آگھاڑی کے پراجکت تن پورے نے پرچہ داخل کیا۔

سانگلی ضلعے کے پلوس کڑے گاؤں حلقہ سے مہا وِکاس آگھاڑی کی جانب سے کانگریس کے وِشوجیت کدم جبکہ جَت حلقہ سے مہایوتی کی جانب سے بی جے پی کے گوپی چند پڈلکر نے پرچہ داخل کیا۔

ممبئی کے ماہم حلقہ سے ایم این ایس کے امیدوار اَمِت ٹھاکرے نے جبکہ باندرہ مشرق سے مہا وِکاس آگھاڑی کی جانب سے شیوسینا اُدھوگروپ کے وَرُن سردیسائی نے پرچہ داخل کیا۔ واشم ضلعے کے رِسوڑ میں مہایوتی کی شیوسینا اور بی جے پی میں دوستی کی لڑائی ہونے کا امکان ہے۔شیوسینا نے رکن اسمبلی بھاؤنا گئولی کوامیدواری کا اعلان کیا اِسی طرح بی جے پی نے کل سابق وزیرانت دیشمکھ نے بھی پرچہ داخل کیا۔

پرہارجن شکتی کے لیڈر اور پریورتن مہاشکتی کے امیدوار بچوکڑو نے اَچل پور چاندوڑ بازار حلقہ سے مسلسل چھٹی مرتبہ پرچہ داخل کیا۔

دھولیہ ضلعے کے دھولیہ دیہی حلقہ سے کانگریس کے کنال پاٹل ' دھولیہ شہر کے لیے سماج وادی پارٹی کے اِرشاد جاگیردار جبکہ ونچت بہوجن آگھاڑی کے جتندر رشرساٹ نے پرچہ داخل کیا۔

سِندھودرگ ضلعے کے بی جے پی کے موجودہ رکن اسمبلی نتیش رانے نے کنکولی جبکہ کُڈال سے شیوسینا کے نِلیش رانے نے پرچہ داخل کیا۔

***** **** *****

کانگریس کے سابق وزیر انیس احمد نے کل ونچت بہوجن آگھاڑی میں شمولیت اختیار کی۔ احمد ناگپور وسط سے اسمبلی الیکشن لڑیں گے۔

ہنگولی ضلعے کے بسمت' کلمنوری اور ہنگولی حلقہ سے کل تقریباً 64/ پرچے داخل کیے گئے۔ جالنہ ضلعے کے پانچوں ہی اسمبلی حلقوں سے کل 99/امیدواروں نے 122/ پرچے داخل کیے۔ ناندیڑ لوک سبھا ضمنی الیکشن کے لیے اب تک 22/خواہش مندوں نے پرچے داخل کیے ہیں۔ جبکہ 9/اسمبلی حلقوں سے 227/خواہش مندوں نے تقریباً 279/ پرچے داخل کیے ہیں۔

لاتور ضلعے کے 6/اسمبلی حلقوں سے کل 51/امیدواروں نے 73/ پرچے داخل کیے۔ پربھنی ضلعے کے 4/اسمبلی حلقوں سے کل 66/امیدواروں نے پرچے داخل کیے۔

***** **** *****

اورنگ آباد مغرب اسمبلی حلقہ سے مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار راجوشندے ' اِسی حلقہ سے مہایوتی کے امیدوار سنجئے شِرساٹ نے جبکہ اورنگ آباد مشرق حلقہ سے مہایوتی کے امیدوار اتُل ساوے نے کل امیدواری پرچے داخل کیے۔

مہاراشٹر نونِرمان سینا نے کل اگلی فہرست جاری کی۔ اِس میں اورنگ آباد وسطی حلقے سے سُہاس دشرتھے کوامیدواری دی گئی ہے۔

دریں اثناء اورنگ آباد وسطی اسمبلی حلقہ سے مہاوکاس آگھاڑی کے امیدوار کِشن چندتنوانی نے انتخابات نہ لڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اپنے حلقہ میں سن 2014ء کا نتیجہ دوبارہ نہ دہرایا جائے اِس لیے میں مہاوِکاس آگھاڑی کی جانب سے دی گئی امیدواری واپس کررہا ہوں۔ پارٹی نے اُن کی جگہ باراصاحب تھورات کواورنگ آباد وسطی حلقے سے امیدواری دی ہے۔

***** **** *****

ناندیڑ لوک سبھا کے ضمنی انتخابات کے لیے بی جے پی نے ڈاکٹر سنتُک ہمبرڈے کی امیدواری کا اعلان کیا ہے۔ اِس ضمنی الیکشن میں کانگریس کی جانب سے آنجہانی وسنت راؤ چوہان کے فرزند رِوندر چوہان کوامیدواری دی گئی ہے۔

***** **** *****

بی جے پی نے اسمبلی انتخابات کے لیے 25/امیدواروں کی تیسری فہرست کل جاری کی۔ اِن میں مال شیرس سے رام سات پُتے ، آشٹی سے سُریش دھس، دیگلور سے جِتیش انتا پورکر جبکہ لاتور سے سابق گورنر شیوراج پاٹل چاکورکر کی بہوار چنا پاٹل چاکورکر کو امیدواری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

# یہ خبریں آ کا شوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

شیوسینا نے 13/امیدواروں کی تیسری فہرست کل ظاہر کی۔کَھن ساوَنگی حلقے سے ہِک تَم اُڈھان، کنڑ سنجنا جادھو جبکہ دھاراشیو حلقہ سے اجیت پِنگڑے کو امیدواری دی گئی ہے۔

دریں اثناء بی جے پی نے کل 4/اتحاد جماعتوں کے لیے ایک ایک نشست کا اعلان کیا۔گنگا کھیڑ کی نشست راشٹریہ سماج پارٹی، کالینا رپبلیکن پارٹی آف اِنڈیا آٹھولے کو بڈنیرا یوا سوابھیمان پارٹی کو جبکہ شاہو واڑی کی نشست جن سوراجیہ شکتی پارٹی کو دی گئی ہے۔

شیوسینا نے بھی 2/نشستیں اتحادی پارٹیوں کو دی ہے۔اِن میں ہات کڑ نگلے حلقے سے جن سوراجیہ پارٹی کے اشوک راؤ مانے جبکہ شِروڑ حلقے سے راجرشی شاہو وِکاس آگھاڑی کے راجندر یڈراؤکر کو امیدواری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی نے 7/امیدواروں کی چوتھی فہرست کل جاری کی۔ پارٹی نے اب تک 92/امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔کانگریس نے بھی کل 4/امیدواروں کی فہرست جاری کی۔ اِس میں اکولہ مغرب سے ساجد خان، شولاپور شہر سے چیتن نروٹے جبکہ کولہاپور شمال سے راجیش لاٹکر کی بجائے مدھوریما راجے چھترپتی کو امیدواری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

سامعین ، اسمبلی انتخابات کے موقع پر آڑھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھا چا '' پروگرام روزآنہ شام 7/بج کر 10/منٹ پر آ کا شوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔ اِس پروگرام میں آج چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

بدعنوانی سے پاک معاشرے کو فروغ دینے کے لیے کل سے ملک بھر میں وِجیلینس ہفتہ کا آغاز ہوا۔ یہ ہفتہ ہر سال بھارت رتن سردار ولبھ بھائی پٹیل کے یومِ پیدائش کے موقع پر منایا جاتا ہے۔ اِس ہفتہ کا تصور قوم کی خوشحالی کے لیے انضمام کی تہذیب کو فروغ دینا ہے۔ اِس ہفتہ میں مختلف سرگرمیں منعقد کی جائیں گی۔گزشتہ روز مختلف وزارتوں مختلف سرکاری محکموں ، پبلک سیکٹر کمپنیوں ، بینکوں اور دیگر اِداروں کے سرکاری افسران نے بدعنوانی کے خلاف حلف اٹھایا۔

***** ***** *****

دھن تریودشی کا تہوار آج منایا جا رہا ہے۔ جو روشنی اور خوشی کا تہوار ہے۔ قدیم افسانے کے تحت سمندر سے امرت کلش لے کر نمودار ہوئے بھگوان دھنونتری کی عبادت کا رواج ہے۔

دیوالی کا جشن آج آتش بازی سے شروع ہو رہا ہے۔ اِس دیوالی کے پیش نظر بازار سجاوٹی لوازمات سے بھر گئے ہیں اور اُن کی خریداری کے لیے لوگ بھیڑ لگا رہے ہیں۔

***** ***** *****

عالمی شہرت یافتہ باورچی وِشنو منوہر نے 24/گھنٹوں میں بغیر وقفے کے '' ڈوسے '' بنوائے اور 24/گھنٹے میں زیادہ سے زیادہ '' ڈوسے '' بنانے کا عالمی ریکارڈ اپنے نام کیا۔ وِشنو منوہر نے پرسوں صبح 7/بجے سے کل صبح 9/بجے کے درمیان 14/ہزار 174/ڈوسے تیار کیے۔ اِس خصوص میں پولس کمشنر ڈاکٹر رویندر سنگھل کے ہاتھوں وِشنو منوہر کو ورلڈ ریکارڈس بُک آف اِنڈیا کے سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

رائے دہندگان میں بیداری کرنے کے مقصد سے ناندیڑ جنوبی حلقہ انتخاب میں رنگولی اور تصویری مقابلوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ وزیر آباد علاقے میں واقع ملٹی پرپز ہائی اسکول میں آئندہ 31/اکتوبر کو صبح 11/تا دو پہر ایک بجے کے درمیان یہ مقابلے منعقد ہوں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے ووٹر بیداری کے لیے طلباء کی جانب سے '' رائے دہندگان بیدار ہوں '' نامی اسٹریٹ ڈرامے کیے گئے۔ اِس کے علاوہ رائے دہی کرنے سے متعلق نعروں پر مبنی بینرس ہاتھوں میں لے کر طلباء اور اُن کے سرپرستوں کی سیلفی مہم بھی میونسپل انتظامیہ کی جانب سے چلائی جا رہی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے میں پالم شاہراہ پر واقع ریلوے پُل سے قریب ایک کار سے 12/لاکھ 65/روپئے کی نقد رقم برآمد کی گئی۔ فلائنگ اسکواڈ نے گزشتہ سنیچر کے شب یہ کارروائی انجام دی۔

***** ***** *****

خواتین کرکٹ میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے مابین تیسرا اور آخری ایک روزہ مقابلہ آج احمد آباد میں کھیلا جائے گا۔ دو پہر ڈیڑھ بجے سے میچ کا آغاز ہوگا۔ تین مقابلوں کی سیریز میں دونوں ہی ٹیمیں ایک ایک مقابلہ جیت کر برابری پر ہیں۔

***** ***** *****

آ خر میں خبر و ں کی سر خیاں ایک مر تبہ پھر سُن لیجیے . . .

☆ ریاستی اسمبلی کے عام انتخابات کے لیے امیدواری عریضے داخل کرنے کا آج آخری دن

☆ ایکناتھ شندیہ ' اجیت پوار ' وِشوجیت کدم اور ورُن سردیسائی سمیت نامور قائدین کے امیدواری پرچے داخل

☆ اورنگ آباد وسطی اسمبلی حلقے سے مہاوِکاس آگھاڑی کے امیدوار کشن چندتنوانی کی انتخابی میدان سے اچانک دستبرداری

☆ ناندیڑ لوک سبھا نشست کے ضمنی انتخابات کے لیے بی جے پی کی جانب سے ڈاکٹر سنتک ہمبرڈے کو امیدواری

☆ بدعنوانی سے پاک معاشرے کے فروغ کے لیے ملک گیر سطح پر کل سے بیداری ہفتے کا آغاز

اور

☆ خوشیوں اور روشنی کے تہوار دیوالی میں آج دھن تریودشی

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں ۔**

☆☆☆☆